Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۱ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۱ محرم الحرام ۱۳۵۵ھ مطابق ۴ اپریل ۱۹۳۶ء { جلد ۴۹

حصہ دوم

احکام عالیمرتبت منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۲	۳	حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۴
۲	نقشہ عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور	۲			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

حکم اجلاس عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

الاؤنس

۲۰ مارچ ۱۹۳۲ء

منشی محمد حسن گرداور تانڈہ گوئی تانڈہ وسید گڑھ تحصیل بلاسپور نے امتحان سواری اسپ پاس کر لیا ہے اور اپنا گھوڑا بھی خرید کر لیا ہے۔ لہذا پندرہ روپیہ ماہوار اسپ الاؤنس از ۱۵ مارچ ۱۹۳۲ء سے منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ (دستخط)

(دستخط عالیجناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

بوجہ تعطیلات محرم الحرام من ابتدائے ۲۷ مارچ ۱۹۳۶ء لغایت ۹ اپریل ۱۹۳۶ء کوئی مقدمہ عدالت ہائی کورٹ میں پیش نہیں ہوا۔ لہذا سادہ فہرست مقدمات بغرض اشاعت گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

۱۰ اپریل ۱۹۳۶ء　　دستخط عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۷ مارچ ۱۹۳۶ء لغایت ۹ اپریل ۱۹۳۶ء	جمعہ لغایت پنجشنبہ	تعطیلات	محرم الحرام	۱۳۵۵ھ	

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اعلان

۲۷ مارچ ۱۹۳۶ء

ہر خاص و عام کو اطلاع دیجاتی ہے کہ بموجب قواعد شکر ۱۹۳۵ء بمطابق نوٹیفکیشن محکمۂ صنعت و حرفت یوپی گورنمنٹ مورخہ ۱۸ مارچ ۱۹۳۶ء ۱۰ اپریل ۱۹۳۶ء کے پہلے پندرہ روز میں کم سے کم قیمت نیشکر برائے استعمال فیکٹری ہائے ریاست ۵/ (پانچ آنہ) فی من ہوگا۔

(دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر)